فہرست

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
1	مقدمہ	05
2	تقریظ جلیل الاستاذ الدکتور محمد ابو ذر خلیل	08
3	تقریظ جلیل ڈاکٹر انس رضا مدنی	09
4	تقریظ جلیل علامہ اعجاز احمد المدنی	10
5	تقریظ جلیل علامہ جمیل احمد المدنی	11
6	تقریظ جلیل علامہ محمد طارق المدنی	12
7	تقریظ جلیل علامہ احمد رضا المدنی	13
8	خلاصہ خطبہ	14
9	مشکل الفاظ کے معانی	15
10	خطبہ کی تراکیب	16
11	نوع اول کا خلاصہ	25
12	مشکل الفاظ کے معانی	41
13	نوع اول کی تراکیب	43
14	نوع ثانی کا خلاصہ	96
15	مشکل الفاظ کے معانی	98

Scanned with CamScanner

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
16	نوع ثانی کی تراکیب	99
17	نوع ثالث کا خلاصہ	113
18	مشکل الفاظ کے معانی	113
19	نوع ثالث کی تراکیب	114
20	نوع رابع کا خلاصہ	117
21	مشکل الفاظ کے معانی	117
22	نوع رابع کی تراکیب	118
23	نوع خامس کا خلاصہ	125
24	مشکل الفاظ کے معانی	125
25	نوع خامس کی تراکیب	127
26	نوع سادس کا خلاصہ	135
27	مشکل الفاظ کے معانی	139
28	نوع سادس کی تراکیب	139
29	نوع سابع کا خلاصہ	153
30	مشکل الفاظ کے معانی	153
31	نوع سابع کی تراکیب	157

مقدمہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ایک مقولہ ہے "الصرف ام العلوم والنحو ابوھا" علوم سے مراد علوم دینیہ ہیں۔ اور علم نحو "أبٌ" کی حیثیت رکھتا ہے۔ علم صرف کو اُمّ اس لیے کہا گیا کہ جس طرح بچے کی ابتدائی تربیت ماں کرتی ہے اس طرح مفرد کلمات کو بولنے اور ان کے مختلف صیغوں کی پہچان علم صرف مبتدی کو کرواتا ہے۔ اور جس طرح باپ مرتبہ تعلیم ومعاش کا کفیل ہے یوں ہی علم نحو مفردات سے مرکبات کے بنانے کے طرق کا ضامن ہے۔ اسی لئے اس کو "أبٌ" کا لقب دیا گیا چونکہ علوم اسلامیہ کا بنیادی ماخذ بلکہ اکثر لٹریچر عربی زبان میں ہے۔ اس لئے صرف ونحو کو علام ادبیہ میں خاص اہمیت حاصل ہے۔ حتی کہ علامی شامی نے ان کو فرض کفایہ سے شمار فرمایا۔

علم نحو کی تعریف

نحویوں نے اس کی تعریف یہ کی ہے کہ نحو وہ علم ہے جس میں موضوع کلمات کے اواخر کے احوال اعراب وترکیب سے بحث کی جاتی ہے۔ اور اس کو علم الاعراب بھی کہا جاتا ہے۔

موضوع نحو

عام کتب نحو میں اس کا موضوع کلمہ وکلام کو قرار دیا گیا ہے۔ جب کہ بعض نے کہا مفردات ومرکبات، ترکیب میں واقع ہونے کی حیثیت سے اس علم کا موضوع ہیں۔

علم نحو کی تعریف میں ترکیب وافراد اور موضوع میں مفردات ومرکبات کے الفاظ جہاں اس علم کی علت غائی کی طرف مُشْعِر ہیں وہاں ترکیب کی اہمیت کو بھی اجاگر کرتے ہیں۔ ترکیب کیا ہے؟

ترکیب کی تعریف

اس کا لغوی معنی اجزاء کو ایک دوسرے سے ملانا۔ اور اصطلاحی اعتبار سے کلمات موضوعہ کے آپسی تعلق کو ملاحظہ کر کے اس کے مرکب ہونے کی کیفیت کو جاننا۔

ترکیب کی غرض

اس کی غرض یہ ہے اہل لسان کے انداز گفتگو اور جُمل میں غور وفکر کر کے اس طرح کے مرکبات وجُمل کو ترکیب دینے کا ملکہ حاصل کرنا اور ہر امکانی غلطی سے محفوظ رہنا۔

Scanned with CamScanner

علم نحو کی غرض وغایت بھی یہی ہے کہ مفردات سے مرکبات اور جمل مفیدہ بنانے کا طریقہ حاصل ہو اور ان کے تلفظ میں اعرابی غلطی سے محفوظ رہا جاسکے۔ اور اس مقصد کے حصول میں عربی جملوں کی ترکیب کا عمل بھی ایک خاص اہمیت کا حامل ہے۔

عملِ ترکیب کے فوائد وثمرات

1۔ کلمات وجمل کی پہچان
2۔ اعرابی اغلاط سے حفاظت
3۔ عبارت پڑھنے اور سمجھنے کا حصول
4۔ ترجمہ کرنے میں مہارت
5۔ قواعدِ نحویہ کا اجراء
6۔ جو شخص تراکیب نحویہ میں مہارت حاصل کرلے گا تو نہ صرف وہ درست اعراب کے ساتھ عبارت کی قرأت پر قادر ہوگا بلکہ اس اعراب کی وجہ پر بھی بصیرت پائے گا۔ اور جب عبارت وترجمہ درست ہوگا تو عربی زبان کو سمجھنے کے لیے تو اسکا مفہوم اس کیلئے مشکل نہ ہوگا۔ بہرحال عمل ترکیب عربی زبان کو سمجھنے کیلئے انتہائی ضروری ہے۔

ترکیب کا طریقہ

عموماً کتب میں ترکیب کا طریقہ یہ ہوتا ہے کہ وہ وجہ اعراب، یا محلِ اعراب یا پھر یہ وضاحت کردیتے ہیں کہ یہ کون سے جملہ کا جزء ہے مثلاً نصر خالدٌ عامراً میں کہا جائے گا نصر فعل خالد مرفوع فاعل عامر منصوب مفعول بہ باقی خود سمجھ جائے گا یہ جملہ فعلیہ ہے۔ اور ایک طریقہ یہ ہے کہ پورے جملہ کی مفردات کی طرف تحلیل کرکے پھر دوبارہ جملہ بنادینا جیسے مذکورۃ مثال میں یہ بھی کہنا فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے مل کر جملہ فعلیہ۔ مدارس میں ایک اور طریقہ رائج ہے اور وہ ہے تیروں والا انداز۔ مثلاً:



اور یہ طریقہ مبتدی پر قدرے آسان ہے زیر نظر کتاب میں فاضل نوجوان مولانا زکریا مدنی نے بھی اس انداز سے ترکیب کرکے طلباء کے لیے گراں قدر خزانہ جمع فرمایا ہے۔ اب ترکیب کو سمجھنا کوئی مشکل امر نہ رہا۔ اور فقیر کی نظر میں اس سے قبل اس انداز سے کوئی کتاب تحریر نہیں کی گئی۔

شرح مائۃ عامل

یہ کتاب دراصل دو کتابوں کا مجموعہ ہے۔ ایک "متن مائۃ عامل" جس کے مصنف علامہ عبدالقاہر جرجانی اشعری شافعی ہیں۔ اور دوسری اس کی شرح ہے۔ جو عاشق رسول علامہ عبدالرحمٰن بن احمد جامی قدس سرہ السامی کی تصنیف ہے۔

یہ کتاب اگرچہ درس نظامی میں عمل ترکیب کیلئے شامل درس ہے مگر فی نفسہ یہ کتاب ترکیب کی نہیں۔ اس میں علامہ عبدالقاہر نے ان سو عوامل کو جمع فرمایا ہے جو اپنے مابعد اسم میں اعراب کی تبدیلی کے موجب ہوتے ہیں۔ یہ کتاب تراکیب سے ہٹ کر بھی انتہائی مفید ہے۔ نصاب کے علاوہ قطع نظر تراکیب کے اس کتاب کا مطالعہ ہر طالب علم کے لیے مفید ہے۔ لہٰذا اگر ہوسکے تو اس کتاب کو مکمل پڑھنا چاہیے وباللہ التوفیق واخر دعوٰنا ان الحمدللہ رب العلمین

ابو محمد عبدالواحد عطاری کبیری
مدرس جامعۃ المدینہ فیضان مدینہ ملتان شریف

Scanned with CamScanner

خلاصہ خطبہ

سوال: مائۃ عامل کے مصنف کا نام کیا ہے؟

جواب: عبدالقاہر بن عبدالرحمٰن جرجانی رحمۃ اللہ علیہ۔

سوال: شرح مائۃ عامل کے مصنف کا نام کیا ہے؟

جواب: شرح مائۃ عامل کے مصنف کا نام عبدالرحمٰن بن احمد جامی ہے جو کہ ملاجامی کے نام سے مشہور ہیں

سوال: شرح مائۃ عامل کی وجہ تسمیہ بیان کریں؟

جواب: شرح مائۃ عامل کہنے کی وجہ یہ ہے کہ اس کتاب میں سو (100) عوامل نحو کی تشریح کی گئی ہے۔ لہذا نام ہی کتاب کی حقیقت کی پہچان ہے۔

سوال: سو (100) عوامل کا خلاصہ بیان کریں؟

جواب: سو عوامل میں سے بعض لفظیہ ہیں اور بعض معنویہ۔ پھر لفظیہ کی دو قسمیں ہیں سماعیہ اور قیاسیہ۔ سماعیہ اکانوے ہیں اور عوامل قیاسیہ سات ہیں اور معنوی عوامل دو ہیں لھذا کل سو عوامل ہو گئے۔

مصنف نے عوامل سماعیہ کو تیرہ انواع میں بیان فرمایا ہے

الفاظ	معانی
نَعْمَاءُ	نعمتیں
اَلشَّامِلَۃُ	عام
آلَاءُ	نعمتیں
اَلصَّلٰوۃُ	درود
اَلْمُصْطَفٰی	چنے ہوئے
اَلْمُجْتَبٰی	پسندیدہ، چنی ہوئی
اَلَّفَ	تالیف کیا اس ایک مرد نے
سَقٰی	سیراب کرنا
اَنَامُ	مخلوق
ثَرَاہُ	لفظی معنی تر و تازہ مٹی، مرادی معنی قبر
ضَرْبَیْنِ	دو قسمیں
تَتَنَوَّعُ	تقسیم ہونا، قسموں میں بٹ جانا
مَثْوَاہُ	ٹھکانا
جَعَلَ	بنانا
سَیِّدُ	سردار
اَنْبِیَاءُ	غیب کی خبریں دینے والے
اَلْکَامِلَۃُ	خاص
اَلشَّیْخُ	جس کو کسی ایک فن میں مہارت کاملہ ہو
اِعْلَمْ	تو جان

Scanned with CamScanner

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ



فعل اپنے فاعل ومتعلقات سے ملکر جملہ فعلیہ لفظاً خبریہ معنیً انشائیہ

ترجمہ: میں اللہ پاک سے شیطان مردود کی پناہ مانگتا ہوں

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ



ترجمہ:

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

جملہ فعلیہ لفظاً خبریہ معنیً انشائیہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی نَعْمَائِہِ الشَّامِلَۃِ وَآلَائِہِ الْکَامِلَۃِ

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے اسکی عام نعمتوں اور خاص نعمتوں پر۔

Scanned with CamScanner

وَالصَّلَاةُ عَلٰى سَيِّدِ الْأَنْبِيَاءِ مُحَمَّدِنِ الْمُصْطَفٰى وَعَلٰى آلِهِ الْمُجْتَبٰى



ترجمہ: اور درود نازل ہو محمد ﷺ پر اور آپ کی چنی ہوئی آل پر۔

اِعْلَمْ أَنَّ الْعَوَامِلَ فِي النَّحْوِ عَلٰى مَا أَلَّفَهُ الشَّيْخُ الْإِمَامُ أَفْضَلُ عُلَمَاءِ الْأَنَامِ عَبْدُ الْقَاهِرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْجُرْجَانِيُّ مِائَةُ عَامِلٍ



ترجمہ: تو جان بیشک عوامل اس حال میں کہ وہ ذکر کیئے گئے ہیں نحو میں اس کے مطابق جسکو تالیف کیا شیخ امام مخلوق کے

علماء میں سب سے افضل عبدالقاہر بن عبدالرحمن جرجانی نے وہ سو (100) عوامل ہیں۔

فَاللَّفْظِيَّةُ مِنْهَا عَلٰى ضَرْبَيْنِ



ترجمہ: ان میں سے لفظیہ دو قسموں پر ہیں۔

سِمَاعِيَّةٌ وَ قِيَاسِيَّةٌ



ترجمہ: ان میں بعض سماعیہ ہیں اور بعض قیاسیہ ہیں۔

Scanned with CamScanner

فَالسَّمَاعِيَّةُ مِنْهَا أَحَدٌ وَّتِسْعُوْنَ عَامِلًا



ترجمہ: سو عوامل میں سے اکانوے سماعی عوامل ہیں۔

وَالْقِيَاسِيَّةُ مِنْهَا سَبْعَةُ عَوَامِلَ



ترجمہ: سو عوامل میں سے سات قیاسی عوامل ہیں۔

وَالْمَعْنَوِيَّةُ مِنْهَا عَدَدَانِ



ترجمہ: سو عوامل میں معنوی عوامل دو ہیں۔

Scanned with CamScanner



نوع اول کا خلاصہ

سوال: حروف جارہ کی تعریف کریں؟

جواب: ایسے حروف جو فقط اسم کو جر دیتے ہیں انکو حروف جارہ کہتے ہیں۔

سوال: حروف جارہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟

جواب: حروف جارہ سترہ ہیں: بآء، تآء، کاف، لام، وآو،
مذ، منذ، خلا، رُبَّ، حاشا، مِنۡ، عدا، فی، عن، علیٰ، حتیٰ، الیٰ

سوال: باء کتنے اور کونسے معنیٰ میں استعمال ہوتا ہے؟

جواب: باء دس معنیٰ میں استعمال ہوتا ہے۔

باء الصاق کے لئے بھی آتا ہے: ★ 1

الصاق کا مطلب یعنی ایک شئ کو دوسری شئ سے ملانے کے لئے آتا ہے حقیقۃً یا مجازاً۔ مثال حقیقۃً: بِہٖ داءٌ یعنی اسکو بیماری ہے۔ یہاں باء الصاق کا معنیٰ دے رہا ہے کہ اس کو بیماری چمٹ گئی ہے۔

مثال مجازاً: **مَرَرْتُ بِزَیْدٍ** یعنی میں زید کے ساتھ گزرا۔ یہاں

Scanned with CamScanner

4 ★ • اور باء مصاحبۃ کے لئے آتا ہے: ★

مطلب باء مَعَ کے معنیٰ میں بھی آتا ہے۔

مثال: **اِشْتَرَیْتُ الْفَرَسَ بِسَرْجِهٖ** یعنی میں نے گھوڑا خریدا اسکی زین کے ساتھ۔

5 ★ • اور باء کسی فعل لازم کو متعدی بنانے کے لئے آتا ہے: ★

مطلب جیسا کہ آپ جانتے ہیں فعل لازم کا مفعول نہیں آتا ہاں جس اسم پر باء کا دخول ہو جائے وہ فعل لازم کا مفعول بن سکتا ہے۔ مثال: **ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ** یعنی اللہ تعالیٰ ان کا نور لے گیا۔

6 ★ • باء قسم کے لئے بھی آتا ہے: ★

مثال: **بِاللّٰهِ لَاَفْعَلَنَّ كَذَا** یعنی اللہ کی قسم میں اس طرح کروں گا۔

7 ★ باء استعطاف کے لئے بھی آتا ہے: ★

مطلب نرمی اور شفقت طلب کرنے کے لئے آتا ہے۔

Scanned with CamScanner

مثال: **اِرْحَمْ بِزَیْدٍ یعنی تو زید پر رحم کر۔**

8 ★ • باء ظرفیۃ کے لئے بھی آتا ہے: ★

مثال: **زَیْدٌ بِالْبَلَدِ** یعنی زید شہر میں ہے۔

9 ★ • اور زیادۃ کے لئے آتا ہے: ★

مطلب باء زائدہ بھی ہوتا ہے اس کے آنے سے نہ فائدہ اور نہ جانے سے نقصان۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان: **لا تلقوا بایدیکم الی التهلکة** یعنی تم اپنے ہاتھ ہلاکت میں نہ ڈالو۔ بایدیکم میں جو باء ہے زائدہ ہے وگرنہ ترجمہ میں تبدیلی ہوگی۔

10 ★ • باء مقابلہ کے لئے بھی آتا ہے: ★

یعنی ایک چیز کا دوسری چیز کے بدلے میں ہونا جیسے **اِشْتَرَیْتُ الْفَرَسَ بِالْعَبْدِ** یعنی میں نے غلام کے بدلے میں گھوڑا خریدا۔

سوال: لام کتنے اور کونسے معانی کے لئے آتا ہے؟

جواب: لام پانچ معانی کے لئے آتا ہے۔

1 ★ • اختصاص کے لئے آتا ہے: ★

مطلب ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ خاص کر دیتا ہے۔

مثال: **اَلْجُلُّ لِلْفَرَسِ** یعنی جھول گھوڑے کے لئے

ہے۔ (قاموس الوحید) 2

★ زیادتی کے لئے آتا ہے: مطلب لام کبھی زائدہ بھی ہوتا ہے۔

مثال: **رَدِفَ لَکُمْ** (النمل) یہاں لام زائدہ ہے، **رَدِفَ** کا لغوی معنیٰ اچانک کوئی بات پیش آنا۔ (قاموس) قریب ہے کہ وہ اچانک تمہارے پاس آئے وہ بعض جس کی تم جلدی کرتے ہو۔ کم مفعول ہے لام زائدہ ہے۔

۱ تعلیل کے لئے آتا ہے: ★ (3)

مطلب لام کبھی علت بیان کرنے کے لئے آتا ہے یعنی اس کا مدخول جس پر یہ داخل ہے ماقبل کی علت بن جاتا ہے۔

مثال: **جِئْتُکَ لِاِکْرَامِکَ** یعنی میں تیرے پاس تیرے عزت کرنے کی وجہ سے آیا۔ دیکھیں یہاں پر آنے کی علت لام کا مدخول علیہ ہے وہ مکمل **لِاِکْرَامِکَ** ہے یعنی تیرے عزت کرنے کی وجہ سے۔

۱ قسم کے لئے آتا ہے: ★ (4)

Scanned with CamScanner

لِلّٰهِ لَا يُؤَخِّرُ الْاَجَلُ یعنی اللہ کی قسم! موت موٴخر نہیں ہوگی۔

(فی القاموس: مدت، عرصہ، موت)

★ **انجام کے لئے آتا ہے:** (5)

مطلب لام کا مدخول علیہ ماقبل کے لئے انجام، سزا بن جاتا ہے،

مثال: **لَزِمَ الشَّرُّ لِلشَّقَاوَةِ** یعنی برائی لازم ہے بدبختی وناکامی کو۔ یعنی برائی کا انجام ناکامی ہے۔

شقاوۃ فی القاموس:

بدبختی، بدحالی، تنگی پریشانی، سختی، آزمائش، گمراہی نامرادی، ناکامی۔

سوال: مِنْ کتنے اور کونسے معانی میں استعمال ہوتا ہے؟

جواب: مِنْ چار معانی کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

ابتداء غایت کے لئے آتا ہے:

مطلب کسی چیز کی ابتداء کو بیان کرنے کے لئے آتا ہے۔

مثال: **سِرْتُ مِنَ الْبَصْرَةِ اِلَى الْكُوْفَةِ** یعنی میں

بصرہ سے کوفہ تک چلا، دیکھیں یہاں چلنے کی ابتداء مِنْ نے بتائی ہے کہ وہ بصرہ سے ہے۔

تبعیض کے لئے آتا ہے:

مطلب کبھی کبھار مِنْ بعض کے معنیٰ میں ہوتا ہے۔

مثال: **اَخَذْتُ مِنَ الدَّرَاهِمِ** یعنی میں نے دراھم سے لیا یعنی بعض دراھم لیئے۔

تبیین کے لئے آتا ہے:

مطلب کسی چیز کی وضاحت کرنے کے لئے آتا ہے اسکو مِنْ بیانیہ بھی کہتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان: **فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ** (الحج)

یہاں الرجس یعنی گندگی اسکی وضاحت من نے اوثان سے کردی یعنی بتوں سے بچو

زیادتی کے لئے آتا ہے:

مطلب مِنْ زائدہ بھی ہوتا ہے جسکا کلام میں کوئی فائدہ نہیں ہے مِنْ ہو تب بھی یہ مفعول ہوگا اور مِنْ نہ ہو تب بھی مفعول ہوگا۔

Scanned with CamScanner

جواب: انتہاء غایۃ کے لئے آتا ہے زمانے میں:

مطلب زمانے کے لحاظ سے کسی چیز کی انتہاء کو بیان کرنے کے لئے آتا ہے۔

مثال: **نَمتُ البَارِحَةَ حتّٰی الصَّبَاحِ** یعنی میں رات سویا صبح تک۔ اب دیکھیں رات ایک زمانہ ہے اسکی انتہاء بیان کردی کہ صبح تک سویا۔

مکان میں انتہاء غایۃ کے لئے آتا ہے:

مثال: **سِرتُ البَلَدَ حتّٰی السُّوقِ**

مصاحبۃ کے لئے آتا ہے:

مطلب کبھی حتی مع کے معنیٰ میں بھی ہوتا ہے۔

مثال: **قَرَأتُ وِرْدِیْ حتّٰی الدُّعَاءِ** یعنی میں نے اپنا وظیفہ پڑھا دعا کے ساتھ۔ کبھی اس کا مابعد ماقبل کے حکم میں داخل ہوتا ہے۔ بشرطیکہ مابعد، ماقبل کی جنس سے ہو۔

مثال: **اَکَلْتُ السَّمَکَةَ حتّٰی رَاْسِهَا** یعنی میں نے

Scanned with CamScanner

فی کے معنی میں آتا ہے: اللہ تعالیٰ کا فرمان

وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ وَّلَمْ تَجِدُوْا كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ (البقرہ)

سفر پر تو کوئی نہیں ہوتا سفر میں ہوتا ہے۔

سوال: عَنْ، کتنے اور کونسے معانی میں استعمال ہوتا ہے؟

جواب: عَن دو معنی میں استعمال ہوتا ہے۔

عَنْ بُعْدْ کے لئے آتا ہے:

مطلب دوری کے لئے آتا ہے۔

مُجَاوَزَۃ کے لئے بھی آتا ہے:

مجاوزۃ فی القاموس: گزرنا، پار رکنا

مطلب کسی شئ کو کسی شئ سے گزارنے اور پار کرنے

کے لئے مدد دیتا ہے۔

مثال **بُعْدْ** اور مجاوزۃ دونوں کی: رَمَیْتُ السَّھْمَ عَنِ الْقَوْسِ

یعنی میں نے تیر کمان سے پھینکا۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان: وَلَاُصَلِّبَنَّكُمْ فِىْ جُذُوْعِ النَّخْلِ (طٰہٰ:71 ایت)

ترجمہ: (اور تمہیں کھجور کے تنوں پر سولی دوں گا)

دیکھیں کھجور کی ٹہنیوں میں کبھی سولی نہیں دی جاتی بلکہ ٹہنیوں پر سول دی جاتی ہے۔

سوال: کاف، کتنے اور کونسے معانی میں استعمال ہوتا ہے؟

جواب: کاف دو معنی میں استعمال ہوتا ہے۔

کاف تشبیہ کے لئے آتا ہے:

مطلب ایک شئی کو دوسری شئی کے ساتھ مشابہت دینے کے لئے آتا ہے۔

مثال: **زَيْدٌ كَالْاَسَدِ** یعنی زید شیر کی طرح ہے۔اب دیکھیں زید کو شیر کے ساتھ یہاں مشابہت دی ہے۔

زائدہ بھی ہوتا ہے:

مطلب کلام میں اسکا کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔

مثال: اللہ تعالیٰ کا فرمان: لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ (الشوریٰ:11)

ترجمہ: (اس کی مثل کوئی شے نہیں)

Scanned with CamScanner

دیکھیں کاف کا مدخول ترجمہ نہیں ہوا لھذا اس نے کوئی فائدہ نہیں دیا تو یہ زائدہ ہے۔

سوال: مُذْ، مُنْذُ کتنے اور کونسے معانی کے لئے استعمال ہوتے ہیں؟

جواب: دو معانی کے لئے آتے ہیں۔

زمانہ ماضی میں ابتداء غایت کے لئے آتے ہیں:

مثال: **مَارَاَیْتُہٗ مُذْیَوْمِ الْجُمُعَۃِ او مُنْذُیَوْمِ الْجُمُعَۃِ** یعنی میں نے اس کو جمعہ کے دن سے نہیں دیکھا یعنی میری اسکو نہ دیکھنے کی ابتداء جمعہ کا دن ہے۔

کبھی کبھار دونوں پوری مدت بیان کرنے کے لئے بھی آتے ہیں:

مثال: **مَارَاَیْتُہٗ مُذْیَوْمَیْنِ او مُنْذُیَوْمَیْن**

یعنی میں نے اسکو دو دن سے نہین دیکھا۔ لھذا آپ نے مثال سے جان لیا کہ دونوں نے یہاں پر پوری مدت بیان کی۔

سوال: رُبَّ، کتنے اور کونسے معانی میں استعمال ہوتا ہے؟

جواب: رُبَّ ایک معنی میں استعمال ہوتا ہے۔

تقلیل کے لئے آتا ہے:

مثال: **رُبَّ رَجُلٍ کَرِیْمٍ لَقِیْتُہٗ** یعنی میں نے کتنے سخی آدمیوں سے ملاقات کی۔ اور ایک مفہوم یہ بھی ہوسکتا ہے کہ میں نے کتنے ہی سخی آدمیوں سے ملاقات کی مطلب وہ بہت سے سخی لوگوں سے ملکر فخر محسوس کر رہا ہے۔

نوٹ: اگرچہ علامہ عبدالقاہر بن عبدالرحمٰن نے رُبَّ کے لئے ایک معنی بیان کیا ہے کہ وہ تقلیل کے لئے آتا ہے لیکن اس کے دو معنی ہیں، تقلیل بھی اور تکثیر بھی اب ہمیں کیسے پتا چلے گا تقلیل کے معنی میں ہے یا تکثیر یہ ہمیں کلام اور متکلم کا لہجہ بتائے گا۔ (قاموس)

سوال: واؤ، کتنے اور کونسے معنی میں استعمال ہوتا ہے؟

جواب: واؤ دو معانی کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

Scanned with CamScanner

قسم کے لئے آتا ہے:

مثال: **وَاللّٰهِ لَاَشْرَبَنَّ اللَّبَنَ**

اللہ کی قسم میں دودھ ضرور پیوں گا۔

رُبَّ کے معنی میں بھی واؤ آتا ہے:

مثال: **وَعَالِمٍ يَعْمَلُ بِعِلْمِهٖ**

کتنے عالم اپنے علم پر عمل کرتے ہیں۔

یہ تقلیل والا لہجہ ہے کتنے ہی عالم ہیں جو اپنے علم پر عمل کرتے ہیں۔

یہ تکثیر والا لہجہ ہے۔

سوال: تاء، کتنے اور کونسے معانی کے لئے استعمال ہوتا ہے؟

جواب: تاء ایک معنی کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

تاء قسم کے لئے آتا ہے:

تَاللّٰهِ لَاَضْرِبَنَّ زَيْدًا

اللہ کی قسم میں زید کو ضرور ماروں گا۔

سوال: حاشا، ماخلا اور عدا، کتنے اور کونسے معانی کے لئے استعمال

ہوتے ہیں؟

جواب: یہ تینوں ایک معنی کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔

تینوں صرف استثناء کے لئے آتے ہیں:

جَاءَنِي الْقَوْمُ خَلَا زَيْدٍ وَحَاشَا زَيْدٍ وَعَدَا زَيْدٍ

النوع الاول (مشکل الفاظ معانی)

الفاظ	معانی
مَرَافِقُ	کہنیاں
اَتِمُّوا	تم پورا کرو
الصِّيَامُ	روزے
نُمْتُ	میں سویا
اَلْبَارِحَةُ	رات
اَلْبَلَدُ	شہر
اَلسُّوْقُ	بازار
وِرْدِی	میرا وظیفہ
تَعَيَّنَتَا	دونوں متعین ہونگے
مُجَاوَزَةٌ	تجاوز کرنا، نکلنا

Scanned with CamScanner

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
تَجُرُّ	جر دیتے ہیں	تَعْلِیْلُ	علت بیان کرنا
فَقَط	صرف، بس	ظَلَمْتُمْ	ظلم کرنا
تُسَمّٰی	نام دیا جاتا ہے	اِتِّخَاذُ	بنانا
اِلْصَاقُ	ملانا	اَلْعِجْلَ	بچھڑا
اِتِّصَالُ	جڑنا، ملنا	مُصَاحَبَةٌ	ساتھ رہنا
دَاءٌ	بیماری	اِشْتَرَیْتُ	میں نے خریدا
اِلْتَصَقَ	جڑنا، ملنا	سَرْجٌ	زین
مُرُوْرِیْ	میرا گزرنا	تَعْدِیَةٌ	متعدی بنانا
اِخْتِصَاصُ	خاص کرنا	مُقَابَلَةٌ	بدلہ
اَلْجُلُّ	جھول	لَاتُلْقُوْا	نہ ڈالو
فَرَسٌ	گھوڑا	اَلتَّهْلُكَةُ	ھلاکت
رَدِفَ	اچانک کسی چیز کا آنا	اَلسَّمَكَةَ	مچھلی
اَلْاَجَلُ	موت	سَطْحٌ	چھت
مُعَاقَبَةٌ	انجام، سزا	تَبْعِیْضٌ	بعض
شَقَاوَةٌ	بدبختی	تَبْیِیْنٌ	وضاحت
اِبْتِدَاءُ الْغَایَةِ	کسی چیز کی ابتداء	اَلرِّجْسُ	گندگی
یَقْرُبُ	قریب ہونا	اَوْثَانٌ	بت
اِسْتِعَانَةٌ	مدد طلب کرنا	زِیَادَةٌ	زائدہ
کَتَبْتُ	لکھنا	اِنْتِهَاءُ الْغَایَةِ	کسی چیز کی انتہاء

تراکیب

اَلنَّوْعُ الْاَوَّلُ حُرُوْفٌ تَجُرُّ الْاِسْمَ

موصوف — صفت
مرکب توصیفی
مبتدأ
خبر موصوف
فعل مضارع
ھی ضمیر مستتر فاعل
مفعول بہ
جملہ فعلیہ خبریہ
صفت
مرکب توصیفی ہو کر
خبر
جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترجمہ: پہلی نوع ایسے حروف کے بارے میں ہے جو اسم کو جر دیتے ہیں۔

فَقَط

اسم فعل بمعنیٰ امر حاضر معروف

اِنْتَهِ

فعل امر انت ضمیر فاعل

جملہ انشائیہ ہو کر جزاء شرط محذوف کے لئے

Scanned with CamScanner

محذوف شرط

إِذَا جَرَرْتَ بِهَا الْاِسْمَ

ظرفیہ شرط کے معنی میں مفعول فیہ مقدم

فعل ماضی

تاء ضمیر فاعل

جار مجرور

ظرف لغو

جملہ فعلیہ خبریہ ہو کر

مفعول بہ

شرط

★ شرط اور جزاء ملکر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا۔

محذوف مکمل عبارت:

إِذَا جَرَرْتَ بِهَا الْاِسْمَ اِنْتَهِ

لهذا اب فقط کا ترجمہ بنے گا:

جب تو ان حروف کے ذریعے اسم کو جر دے لے تو تُو باز آجا۔

وَتُسَمّٰى حُرُوْفًا جَارَّةً

عاطفہ

فعل مضارع مجہول

ھی ضمیر مستتر نائب الفاعل

موصوف صفت

مرکب توصیفی مفعول ثانی

جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

ترجمہ: ان کو نام دیا جاتا ہے حروف جارہ کا۔

وَهِيَ سَبْعَةَ عَشَرَ حَرْفًا

عاطفہ

مبتدأ

ممیز تمیز

مرکب عددی ہو کر

خبر

جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترجمہ: اور وہ سترہ حروف ہیں

اَلْبَاءُ لِلْاِلْصَاقِ

مبتدأ

جار مجرور

ظرف مستقر

متعلق ثابتۃ اسم فاعل کے لئے

اس میں ھی ضمیر فاعل

خبر

جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترجمہ: باء الصاق کے لئے ہے۔

Scanned with CamScanner

وَهُوَ اتِّصَالُ الشَّيْءِ بِالشَّيْءِ إِمَّا حَقِيقَةً وَإِمَّا مَجَازًا



ترجمہ: اور وہ ایک شئی کو دوسری شئی سے ملانا ہے یا تو حقیقۃً ہوگا یا مجازًا۔

سوال: آپ نے ترکیب میں کہا اِمَّا تردید کے لئے اسکی وضاحت کریں؟

جواب: اِمَّا کی مختلف قسمیں ہیں۔(1) برائے تفصیل (2) برائے تخییر (3) برائے اباحت (4) برائے شک (5) برائے ابہام، یہاں اِمَّا تفصیلیہ ہے۔اور ترکیب میں حرف تردید کہنے کی وجہ یہ ہے کہ اسکو ترکیب میں چھوڑ دیا گیا ہے۔لھذا کوئی سا بھی اِمَّا ہو وہ ترکیب میں کچھ نہیں بنتا اسلیے کہہ دیتے ہیں اِمَّا حرف تردید۔

نَحْوُ بِهِ دَاءٌ



ترجمہ: اسکو بیماری لگ گئی ہے۔

نوٹ: یہ مثال اتصال حقیقی کی ہے۔

Scanned with CamScanner

نَحْوُ مَرَرْتُ بِزَيْدٍ أَيْ اِلْتَصَقَ مُرُوْرِيْ بِمَكَانٍ يَقْرُبُ مِنْهُ زَيْدٌ

مضاف

فعل ماضی، تاء ضمیر فاعل، جملہ فعلیہ ہوکر مفسَّر

جار، مجرور، ظرف لغو

حرف تفسیر

فعل ماضی، فاعل، جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مفسِّر

فاعل مضاف، مضاف الیہ، مرکب اضافی

جار، مجرور، ظرف لغو

موصوف، فعل مضارع، جار مجرور ظرف لغو، فاعل، جملہ فعلیہ ہو کر صفت، مرکب توصیفی

جملہ تفسیریہ ہوکر مضاف الیہ

مرکب اضافی ہوکر خبر مبتداء محذوف

مثالھا کے لئے، مضاف، مضاف الیہ، مرکب اضافی، مبتدأ

ترجمہ: مثال: میں گزرا زید کے پاس سے یعنی میرا گزرنا ملا ہوا ہے ایسے مکان سے جس کے زید قریب ہے۔

رفیع الکامل علی شرح مائۃ عامل

وَلِلْاِسْتِعَانَةِ

عاطفہ

جار، مجرور، ظرف مستقر

ثابتۃ کے لئے اس میں ھی ضمیر فاعل

شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتداء محذوف ھی کے لئے

جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترجمہ: اور وہ (باء) استعانہ کے لئے ہے۔

نَحْوُ كَتَبْتُ بِالْقَلَمِ

مضاف

فعل ماضی، تاء ضمیر فاعل، جار، مجرور، ظرف لغو، جملہ فعلیہ خبریہ ہوا مضاف

مرکب اضافی ہوکر خبر مبتداء محذوف

مثالھا کے لئے، مبتدا مضاف، مضاف الیہ، مرکب اضافی مبتداء

جملہ اسمیہ خبریہ

ترجمہ: مثال: میں نے قلم کی مدد سے لکھا۔

وَقَدْ تَكُوْنُ لِلتَّعْلِيْلِ

عاطفہ

تقلیل کے لئے

فعل ناقص، ھی ضمیر اسم، جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

جار، مجرور، ظرف مستقر

ثابتۃ کے لئے اس میں ھی ضمیر فاعل، شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر

ترجمہ: اور باء کبھی کبھار تعلیل کے لئے ہوتا ہے۔

نَحْوُ قَوْلِهٖ تَعَالٰی اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ



ترجمہ: مثال اللہ تعالیٰ کا فرمان: بیشک تم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا تمہارے بچھڑے کو معبود بنانے کی وجہ سے۔

نوٹ: بعض لوگ قولہ تعالیٰ کو قول بناتے ہیں اور آگے والے کو مقولہ حالانکہ اگر دیکھا جائے تو قول اور مقولہ ایک ہی بات ہے، قولہ تعالیٰ کو قول بنانا سمجھ میں نہیں آتا۔ اور بعض نے اس ترکیب کو درست قرار دیا ہے۔





ترجمہ: مثال: میں نے گھوڑے کو اسکی زین کے ساتھ خریدا۔

وَلِلتَّعْدِيَةِ



ترجمہ: اور وہ (باء) متعدی بنانے کے لئے آتا ہے۔

نَحْوُ قَوْلِهِ تَعَالٰى ذَهَبَ اللّٰهُ بِنُوْرِهِمْ



ترجمہ: مثال: اللہ تعالیٰ ان کا نور لے گیا۔

وَنَحْوُ ذَهَبْتُ بِزَيْدٍ أَيْ أَذْهَبْتُهُ



ترجمہ: مثال: میں زید کے ساتھ گیا یعنی میں اسکو لے گیا۔

دیکھیں ذھب فعل لازم ہے باء کے صلہ کے ساتھ متعدی ہوگیا اذھب کے معنی میں۔

وَلِلْمُقَابَلَةِ



ترجمہ: اور وہ (باء) مقابلہ کے لئے بھی آتا ہے۔ جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

Scanned with CamScanner

نَحْوُ اِشْتَرَيْتُ الْعَبْدَ بِالْفَرَسِ

مضاف
فعل ماضی
تاء ضمیر فاعل
مفعول بہ
جار
مجرور
ظرف لغو
جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر
مضاف الیہ
مرکب اضافی ہوکر
خبر
مبتداء محذوف مثالھا کے لئے
مبتدأ مضاف
مضاف الیہ
مرکب اضافی
مبتدأ
جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترجمہ: مثال: میں نے غلام کو گھوڑے کے بدلے خریدا
اب دیکھیں یہاں گھوڑا غلام کے مقابلہ میں گیا ہے۔

وَلِلْقَسَمِ

عاطفہ
جار
مجرور
ظرف مستقر
ثابتۃ کے لئے اس میں
ھی ضمیر فاعل
شبہ جملہ اسمیہ ہوکر
خبر مبتداء محذوف ھی کے لئے
جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترجمہ: اور وہ (باء) قسم کے لئے آتا ہے۔

وَلِلْاِسْتِعْطَافِ

عاطفہ
جار
مجرور
ظرف مستقر
ثابتۃ کے لئے اس میں
ھی ضمیر فاعل
شبہ جملہ اسمیہ ہوکر
خبر مبتداء محذوف ھی کے لئے
جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترجمہ: اور باء کبھی کبھار شفقت اور مہربانی کو طلب کرنے کیلئے آتا ہیں

نَحْوُ بِاللّٰہِ لَأَفْعَلَنَّ كَذَا

مضاف
جار
مجرور
ظرف مستقر
اُقسم فعل کیلئے اس میں
انا ضمیر فاعل
قسم
لام تاکید
فعل انا ضمیر فاعل
جار
مجرور
مفعول
جملہ فعلیہ ہوکر
جواب قسم
جملہ قسمیہ انشائیہ ہوا

ترجمہ: مثال: اللہ کی قسم میں اس طرح ضرور کروں گا۔

وَلِلظَّرْفِيَّةِ

عاطفہ
جار
مجرور
ظرف مستقر
ثابتۃ کے لئے اس میں
ھی ضمیر فاعل
شبہ جملہ اسمیہ ہوکر
خبر مبتداء محذوف ھی کے لئے
جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترجمہ: اور باء ظرفیہ کیلئے بھی آتا ہے۔

نَحْوُ اِرْحَمْ بِزَيْدٍ

مضاف
فعل امر
انت ضمیر فاعل
جار
مجرور
ظرف لغو
جملہ انشائیہ ہوکر
مضاف الیہ
خبر
مبتداء محذوف مثالھا کے لئے
مضاف
مضاف الیہ
مرکب اضافی
مبتدأ

ترجمہ: تو زید پر رحم کر۔

Scanned with CamScanner

وَلِلزِّیَادَةِ — نَحْوُ زَیْدٌ بِالْبَلَدِ



ترجمہ: زید شہر میں ہے۔

نَحْوُ قَوْلِهٖ تَعَالٰی لَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْکُمْ اِلَی التَّهْلُکَةِ



ترجمہ:
اللہ تعالیٰ کا فرمان اس حال میں کہ وہ بلند ہے تم اپنے ہاتھوں کو ہلاکت میں نہ ڈالو۔



وَلِلتَّعْلِیْلِ

عاطفہ — جار — مجرور

ظرف مستقر ثابتۃ کے لئے اس میں ھی ضمیر فاعل

شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتداء محذوف ھی کے لئے

جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترجمہ: اور لام تعلیل کیلئے بھی ہوتا ہے۔

نَحْوُ جِئْتُكَ لِإِكْرَامِكَ

مضاف — فعل ماضی — تاء ضمیر فاعل — مفعول بہ — جار — مضاف — مضاف الیہ — مجرور

ظرف لغو

جملہ فعلیہ ہوکر مضاف الیہ

مرکب اضافی ہوکر مبتداء محذوف مثالھا کے لئے خبر

محذوف مثالھا کے لئے

مبتدأ مضاف — مضاف الیہ

مرکب اضافی مبتدأ

جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترجمہ: مثال: میں تیرے پاس تیرے عزت کرنے کی وجہ سے آیا

وَلِلْقَسَمِ

عاطفہ — جار — مجرور

ظرف مستقر ثابتۃ کے لئے اس میں ھی ضمیر فاعل

شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتداء محذوف ھی کے لئے

جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترجمہ: لام قسم کیلئے بھی آتا ہے۔

لِلّٰهِ لَا یُؤَخَّرُ الْأَجَلُ

جار — مجرور

ظرف مستقر اُقسم فعل کیلئے انا ضمیر فاعل

جملہ فعلیہ انشائیہ ہوکر قسم

فعل نفی — نائب الفاعل

جملہ فعلیہ خبر ہوکر جواب قسم

جملہ قسمیہ انشائیہ ہوا

ترجمہ: اللہ کی قسم موت موخر نہیں کی جائے گی۔

وَلِلْمُعَاقَبَةِ

عاطفہ — جار — مجرور

ظرف مستقر ثابتۃ کے لئے اس میں ھی ضمیر فاعل

شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبر مبتداء محذوف ھی کے لئے

جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترجمہ: اور لام انجام کار کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے

نَحْوُ لَزِمَ الشَّرُّ لِلشَّقَاوَةِ

مضاف — فعل ماضی — فاعل — جار — مجرور

ظرف لغو

جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر مضاف الیہ

مثالھا کے لئے

مبتدأ مضاف — مضاف الیہ

مرکب اضافی مبتدأ

خبر مبتداء محذوف

جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترجمہ: برائی بدبختی کی وجہ سے لازم ہے۔

وَمِنْ وَهِيَ لِابْتِدَاءِ الْغَايَةِ

عاطفہ — مبتدا اول — عاطفہ زائدہ — مبتدا ثانی — جار — مضاف — مضاف الیہ

مرکب اضافی

مجرور

ظرف مستقر ثابتۃ اسم فاعل کیلئے اس میں ھی ضمیر فاعل

شبہ جملہ اسمیہ ہوکر خبریہ خبر

جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر خبر مبتدا اول کی

جملہ اسمیہ خبریہ ہوکر

ترجمہ: اور من وہ کسی چیز کی ابتداء کو بیان کرنے کیلئے ہے۔

Scanned with CamScanner

نَحْوُ سِرْتُ مِنَ الْبَصْرَةِ إِلَى الْكُوفَةِ



ترجمہ: مثال: میں بصرہ سے کوفہ تک چلا

وَلِلتَّبْعِيضِ



نَحْوُ أَخَذْتُ مِنَ الدَّرَاهِمِ أَيْ بَعْضَ الدَّرَاهِمِ



ترجمہ: میں نے دراھم سے لیا یعنی بعض دراھم لئے

نَحْوُ قَوْلِهِ تَعَالَى فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْأَوْثَانِ أَيِ الرِّجْسَ الَّذِي هُوَ الْأَوْثَانُ



ترجمہ: اللہ تعالیٰ کا فرمان اس حال میں کہ وہ بلند ہے کہ تم گندگی سے بچو یعنی بتوں سے یعنی ایسی گندگی جو کہ وہ بتا ہے

وَلِلتَّبْيِينِ



ترجمہ: من وضاحت کرنے کیلئے بھی آتا ہیں

Scanned with CamScanner

وَلِلزِّيَادَةِ

عاطفہ
جار
مجرور
ظرف مستقر
ثابتۃ کے لئے اس میں ھی ضمیر فاعل
شبہ جملہ اسمیہ ہوکر
خبر مبتداء محذوف ھی کے لئے
جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ترجمہ: اور من کبھی زائدہ بھی ہوتا ہے۔

نَحْوُ قَوْلِهٖ تَعَالٰى يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ

مضاف
مصدر مضاف
ذوالحال
فعل مضارع ھو ضمیر فاعل
جار مجرور
ظرف لغو
فعل ھو ضمیر فاعل
جملہ فعلیہ ہوکر
حال
مضاف الیہ
جار
مضاف
مضاف الیہ
مرکب اضافی
مجرور
ظرف لغو متعلق ثانی
جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر بتاویل مفرد قول مصدر کا مفعول
مضاف الیہ
مرکب اضافی ہوکر خبر مبتداء محذوف مثالھا کیلئے

ترجمہ: وہ تمہارے لیے تمہارے گناہوں کو بخش دے گا۔

وَإِلٰى لِانْتِهَاءِ الْغَايَةِ فِي الْمَكَانِ

عاطفہ
مبتداء
جار
مصدر مضاف
مضاف الیہ
جار
مجرور
مرکب اضافی ہوکر
مجرور
ظرف متعلق انتھا مصدر کیلئے
ظرف مستقر
ثابتۃ کے لئے اس میں ھی ضمیر فاعل

ترجمہ: اورالی کسی چیز کی انتہاء کو بیان کرنے کیلئے آتا ہے مکان میں

نَحْوُ سِرْتُ مِنَ الْبَصْرَةِ إِلَى الْكُوفَةِ

مضاف
فعل ماضی تا ضمیر فاعل
جار
مجرور
جار
مجرور
متعلق اول فعل سرت کیلئے
متعلق ثانی
جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر
مضاف الیہ
مرکب اضافی ہوکر

ترجمہ: مثال: میں بصرہ سے کوفہ تک چلا۔

Scanned with CamScanner

وَاِلٰی لِاِنْتِہَاءِ الْغَایَةِ فِی الْمَکَانِ



ترجمہ: اور الی کسی چیز کی انتہاء کو بیان کرنے کیلئے آتا ہے مکان میں

نَحْوُ سِرْتُ مِنَ الْبَصْرَةِ اِلَی الْکُوْفَةِ



ترجمہ: مثال: میں بصرہ سے کوفہ تک چلا۔

نَحْوُ قَوْلِہٖ تَعَالٰی یَغْفِرْ لَکُمْ مِنْ ذُنُوْبِکُمْ



ترجمہ: وہ تمہارے لیے تمہارے گناہوں کو بخش دے گا۔

وَلِلزِّیَادَةِ



نحو مررت علیہ بمعنی مررت بہ



ترجمہ

مَرَرْتُ عَلَیْهِ، مَرَرْتُ بِهٖ کے معنی میں ہے

یعنی میں اس کے پاس سے گزرا

وَقَدْ تَكُوْنُ بِمَعْنٰى فِيْ



نَحْوُ قَوْلِهٖ تَعَالٰى اِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ اَيْ فِيْ سَفَرٍ



ترجمہ: اللہ کا قول حال میں وہ بلند ہے اگر تم سفر پر ہو یعنی سفر میں ہو۔

Scanned with CamScanner

وَعَنْ لِلْبُعْدِ وَالْمُجَاوَزَةِ



ترجمہ: اور عَنْ دوری اور کسی چیز سے تجاوز کے معنی میں استعمال ہوتا ہے۔

نَحْوُ رَمَيْتُ السَّهْمَ عَنِ الْقَوْسِ





ترجمہ: میں نے کمان سے تیر پھینکا

وَفِي لِلظَّرْفِيَّةِ



ترجمہ: اور فی ظرفیہ کیلئے آتا ہے۔

نَحْوُ الْمَالُ فِي الْكِيسِ



ترجمہ: مال جیب میں ہے۔

وَنَظَرْتُ فِي الْكِتَابِ



ترجمہ:
اور میں نے کتاب میں دیکھا

وَلِلْاِسْتِعْلَاءِ



ترجمہ: اور استعلاء کیلئے بھی آتا ہے

Scanned with CamScanner

نَحْوُ قَوْلِهٖ تَعَالٰی وَّلَاُصَلِّبَنَّكُمْ فِیْ جُذُوْعِ النَّخْلِ



ترجمہ: اللہ تعالیٰ کا قول اس حال میں کہ وہ بلند ہے میں ضرور تمہیں کھجور کی ٹہنیوں پر قید کروں گا۔

وَالْكَافُ لِلتَّشْبِيْهِ



نَحْوُ زَيْدٌ كَالْاَسَدِ



ترجمہ: زید شیر کی طرح ہے

وَقَدْ تَكُوْنُ زَائِدَةً



ترجمہ: اور کبھی کاف زائدہ ہوتا ہے۔

نَحْوُ قَوْلِهٖ تَعَالٰی لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ



ترجمہ: اللہ تعالیٰ کا قول اسکی مثل کوئی شی نہیں۔

مُذْ وَمُنْذُ لِاِبْتِدَاءِ الْغَايَةِ فِی الزَّمَانِ الْمَاضِیْ



ترجمہ: مُذْ اور مُنْذُ دونوں زمانہ ماضی میں کسی چیز کی ابتداء کو بیان کرنے کیلئے آتے ہیں۔

Scanned with CamScanner



رفیع الکامل علی شرح مائۃ عامل

وَقَدْ تَكُوْنَانِ بِمَعْنٰى جَمِيْعِ الْمُدَّةِ



ترجمہ: اور کبھی کبھار وہ دونوں پوری مدت کے معنی میں ہوتے ہیں۔

ما رأيته مذ يوم الجمعة أو منذ يومين أي جميع مدة انقطاع رؤيتي إياه يومان



ترجمہ: میں نے اس کو دو دن سے نہیں دیکھا یعنی میرے اس کو نہ دیکھنے کی مدت دو دن ہے۔

وَرُبَّ لِلتَّقْلِيلِ



ترجمہ: اور رب تقلیل کیلئے آتا ہے۔

وَلَا يَكُونُ مَجْرُورُهَا إِلَّا نَكِرَةً مَوْصُوفَةً



ترجمہ: اور اس کا مجرور نہیں ہوتا مگر نکرہ موصوفہ

وَلَا يَكُونُ مُتَعَلَّقُهُ إِلَّا فِعْلًا مَاضِيًا



ترجمہ: اسکا متعلق نہیں ہوتا مگر فعل ماضی۔

Scanned with CamScanner

نَحْوُ رُبَّ رَجُلٍ كَرِيْمٍ لَقِيْتُهٗ

مضاف

جارہ زائدہ

موصوف صفت

مرکب توصیفی ہوکر

مبتداء لفظا مجرور محلا مرفوع

فعل ماضی

تاء ضمیر فاعل مفعول بہ

جملہ فعلیہ خبریہ ہوکر

خبر

جملہ اسمیہ خبریہ ہوا

ترجمہ: بہت سے سخی لوگوں سے میں نے ملاقات کی۔

وَقَدْ تَدْخُلُ عَلَى الضَّمِيْرِ الْمُبْهَمِ

عاطفہ

تقلیل کیلئے

فعل مضارع ھی ضمیر فاعل

جار

موصوف صفت

مرکب توصیفی ہوکر

مجرور

ظرف لغو

جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

ترجمہ: اور کبھی رُبَّ ضمیر مبہم پر داخل ہوتا ہے۔

وَلَا يَكُوْنُ تَمْيِيْزُهٗ إِلَّا نَكِرَةً مَوْصُوْفَةً

حرف عطف

فعل ناقص

اسم مضاف

مضاف الیہ

مرکب اضافی اسم

حرف استثناء کوئی دخل نہیں ترکیب میں

موصوف

صفت

مرکب توصیفی ہوکر

خبر مستثنیٰ مفرغ

جملہ فعلیہ خبریہ ہوا

ترجمہ: اور اسکی تمییز نہیں ہوتی مگر نکرۃ موصوفۃ

نَحْوُ رُبَّهٗ رَجُلًا جَوَّادًا

مضاف

جارہ زائدہ

ممیز

موصوف صفت

مرکب توصیفی

تمیز

مفعول بہ

فعل محذوف لقیتُ کیلئے اس میں تاء ضمیر فاعل

ترجمہ: میں نے اس سے ملاقات کی از روئے سخی آدمی ہونے کے۔

Scanned with CamScanner

وَالْوَاوُ لِلْقَسَمِ وَهِیَ لَاتَدْخُلُ اِلَّا عَلَی الْاِسْمِ الظَّاهِرِ لَا عَلَی الْمُضْمَرِ



ترجمہ: اور وہ داخل نہیں ہوتا مگر اسم ظاہر پر نہ کہ ضمیر پر۔

نَحْوُ وَاللّٰهِ لَاَشْرَبَنَّ اللَّبَنَ



ترجمہ: اللہ کی قسم میں ضرور دودھ پیوں گا۔

وَقَدْ تَكُوْنُ بِمَعْنٰی رُبَّ



ترجمہ:
واؤ کبھی رُبَّ کے معنی بھی ہوتا ہے۔

نَحْوُ وَعَالِمٍ يَّعْمَلُ بِعِلْمِهٖ اَیْ رُبَّ عَالِمٍ يَّعْمَلُ بِعِلْمِهٖ



ترجمہ: اور عالم اپنے علم پر عمل کرتے ہیں یعنی کتنے ایسے عالم ہیں جو اپنے علم پر عمل کرتے ہیں

وَالتَّاءُ لِلْقَسَمِ



ترجمہ: اورتاء قسم کیلئے آتا ہے۔

وَهِيَ لَاتَدْخُلُ إِلَّا عَلٰى اِسْمِ اللّٰهِ تَعَالٰى



ترجمہ: وہ داخل نہیں ہوتا مگر اللہ تعالیٰ کے نام پر

نَحْوُتَاللّٰهِ لَأَضْرِبَنَّ زَيْدًا



ترجمہ: اللہ کی قسم میں زید کو ضرور ماروں گا۔

اِعْلَمْ أَنَّهُ لَابُدَّ لِلْقَسَمِ مِنَ الْجَوَابِ فَإِنْ كَانَ جَوَابُهُ جُمْلَةً اِسْمِيَّةً فَإِنْ كَانَتْ مُثْبَتَةً وَجَبَ أَنْ تَكُوْنَ مُصَدَّرَةً بِإِنَّ أَوْلَامِ الْإِبْتِدَاءِ



ترجمہ: تو جان بیشک قسم کیلئے ضروری ہے جواب قسم کا ہونا، پس اگر اس کا جواب جملہ اسمیہ ہو پس اگر وہ مثبتہ ہو تو واجب ہے کہ اسکی ابتداء کی جائے اِنَّ یا لام ابتدائیہ کے ساتھ

نَحْوُ وَاللّٰہِ إِنَّ زَیْدًا قَائِمٌ ، وَوَاللّٰہِ لَزَیْدٌ قَائِمٌ وَإِنْ کَانَتْ مَنْفِیَّۃً کَانَتْ مُصَدَّرَۃً بِمَا وَلَا وَإِنْ



ترجمہ:
اللہ کی قسم بیشک زید کھڑا ہے اور اللہ کی قسم زید ضرور کھڑا ہے

ترجمہ: اور اگر وہ منفی ہو تو انکو ما، لا، ان سے شروع کیا جائے گا۔

مِثْلُ وَاللّٰہِ مَا زَیْدٌ قَائِمًا وَوَاللّٰہِ لَا زَیْدٌ فِی الدَّارِ وَلَا عَمْرٌو وَوَاللّٰہِ إِنْ زَیْدٌ قَائِمٌ



ترجمہ: اللہ کی قسم زید کھڑا نہیں ہے اور اللہ کی قسم نہ زید گھر میں ہے اور نہ ہی عمرو اور اللہ کی قسم زید نہیں کھڑا۔

وَإِنْ كَانَ جَوَابُهُ جُمْلَةً فِعْلِيَّةً فَإِنْ كَانَتْ مُثْبَتَةً كَانَتْ مُصَدَّرَةً بِاللَّامِ وَقَدْ أَوْ بِاللَّامِ وَحْدَهُ



ترجمہ: اور اگر اس کا جواب جملہ فعلیہ ہو۔ اور اگر وہ مثبتہ ہو تو اسکو شروع کیا جائے گا لام اور قد کے ساتھ یا اکیلے لام کے ساتھ

مِثْلُ وَاللّٰهِ لَقَدْ قَامَ زَيْدٌ وَوَاللّٰهِ لَأَفْعَلَنَّ كَذَا



ترجمہ: اللہ کی قسم زید کھڑا ہے اور اللہ کی قسم میں ضرور اس طرح کروں گا۔ دیکھیں اول مثال لام اور قد کی ہے اور دوسری صرف لام کی۔

Scanned with CamScanner

وَإِنْ كَانَتْ فِعْلًا مُضَارِعًا كَانَتْ مُصَدَّرَةً بِمَا وَلَا وَلَنْ



ترجمہ:

اور اگر وہ (جواب قسم) فعل مضارع ہو تو اسکو ما اور لا اور لفظ لَن کے ساتھ شروع کیا جائے گا۔

وَاللّٰهِ مَا قَامَ زَيْدٌ



ترجمہ:

اللہ کی قسم زید نہیں کھڑا۔

مِثْلُ وَاللّٰهِ لَأَفْعَلَنَّ كَذَا وَ وَاللّٰهِ مَا أَفْعَلَنَّ كَذَا وَ وَاللّٰهِ لَنْ أَفْعَلَ كَذَا



مرکب اضافی ہوکر خبر مبتدا محذوف مثالھا کیلئے۔

ترجمہ: اللہ کی قسم میں ہرگز اس طرح نہ کروں گا، اللہ کی قسم میں اس طرح نہیں کروں گا، اللہ کی قسم میں ہرگز اس طرح نہ کردوں گا۔

وَقَدْ يَكُونُ جَوَابُ الْقَسَمِ مَحْذُوفًا إِنْ كَانَ قَبْلَ الْقَسَمِ جُمْلَةٌ كَالْجُمْلَةِ الَّتِي وَقَعَتْ جَوَابَهُ أَوْكَانَ الْقَسَمُ وَاقِعًا بَيْنَ الْجُمْلَةِ الْمَذْكُورَةِ



ترجمہ: اور کبھی کبھار قسم کا جواب محذوف ہوتا ہے اگر قسم سے پہلے ایسا جملہ ہو جو اس جملے کی طرح ہو جو اسکا جواب واقع ہو سکے یا قسم مذکورہ جملہ کے درمیان واقع ہو

مِثْلُ زَيْدٌ عَالِمٌ وَاللّٰهِ أَيْ وَاللّٰهِ إِنَّ زَيْدًا عَالِمٌ



ترجمہ: زید عالم ہے اللہ کی قسم یعنی اللہ کی قسم بیشک زید عالم ہے۔ نوٹ: یہاں قسم سے پہلے ایسا جملہ ہے جو اس کا جواب واقع ہو چکا ہے

مِثْلُ زَيْدُ وَاللّٰهِ عَالِمٌ أَیْ وَاللّٰهِ إِنَّ زَيْدًا عَالِمٌ



ترجمہ: زید اللہ کی قسم عالم ہے یعنی اللہ کی قسم بیشک زید عالم ہے

وَحَاشَا، خَلَا وَعَدَا كُلٌّ وَاحِدٍ مِنْهَا لِلْاِسْتِثْنَاءِ جَاءَنِی الْقَوْمُ حَاشَا زَيْدٍ وَخَلَا زَيْدٍ وَعَدَا زَيْدٍ



ترجمہ:
سوائے زید کے ساری قوم میرے پاس آئی

نوٹ:
تینوں کا معنی ایک ہے

ترجمہ:
حاشا، خلا اور عدا یہ سب استثناء کیلئے آتے ہیں

Scanned with CamScanner



فَحِيْنَئِذٍ تَكُوْنُ هٰذِهِ الْاَلْفَاظُ أَفْعَالًا



ترجمہ:

پس اس وقت یہ الفاظ افعال ہونگے (جیسا کہ ہم نے پیچھے وضاحت کردی)

حِيْنَ اِذْ كَانَ كَذَا



وَالْفَاعِلُ فِيهَا ضَمِيرٌ مُسْتَتِرٌ دَائِمًا



ترجمہ: اور فاعل اس حال میں کہ وہ ان (حاشا، خلا، عدا) میں ہمیشہ ضمیر مستتر ہوگا

فَالْمِثَالُ الْمَذْكُورُ فِي مَعْنَى جَاءَنِي الْقَوْمُ حَاشَا زَيْدًا أَوْ خَلَا زَيْدًا أَوْ عَدَا زَيْدًا



ترجمہ: پس جو مثال ذکر کی گئی ہے وہ جاءنی القوم حاشا زیداً و خلا زیداً اور عدا زیداً کے معنی میں ہے۔

مِثْلُ مَا خَلَا زَيْدًا وَمَا عَدَا زَيْدًا



ترجمہ:
مثال اس نے زید سے تجاوز نہیں کیا اور اس نے زید سے درگزر نہیں کیا (قاموس)

مِثْلُ خَلَا الْبَيْتُ زَيْدًا وَعَدَا الْقَوْمُ زَيْدًا



مثال: گھر زید سے خالی ہے اور قوم نے زید سے درگزر کیا تجاوز کیا۔



ترجمہ: اور جب خلا اور عدا ما کے بعد یا کلام کے شروع میں ہوں تو دونوں فعل متعین ہوں گے۔

نوع ثانی کا خلاصہ

سوال: حروفِ مشبہ بالفعل کی تعریف کریں؟

جواب: ایسے حروف جو فعل کے مشابہ ہوں انکو حروفِ مشبہ بالفعل کہتے ہیں۔

سوال: یہ حروف کس چیز میں فعل کے مشابہ ہوتے ہیں؟

جواب: جس طرح فعل اپنے فاعل کو رفع اور مفعول کو نصب دیتا ہے اسطرح یہ حروف بھی اپنے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتے ہیں۔

سوال: یہ حروف کیا عمل کرتے ہیں؟

جواب: یہ حروف مبتداء اور خبر پر داخل ہوتے ہیں مبتداء کو نصب اور خبر کو رفع دیتے ہیں۔

سوال: حروفِ مشبہ بالفعل کتنے اور کونسے ہیں؟

جواب: حروفِ مشبہ بالفعل چھ ہیں: **اِنَّ، اَنَّ، کَاَنَّ، لٰکِنَّ، لَیْتَ، لعلَّ**۔

سوال: **اِنَّ** اور **اَنَّ** کیا عمل کرتے ہیں؟

